نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارش یا آندھی کے دوران ربیع کی فصلات کی بہتر سنبھال بارے حکمت عملی جاری کردی

لاہور: 27مارچ 2023 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کاشتکار اپنی فصلات کی دیکھ بھال/ سنبھال کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے نشر ہونے والے موسمی پیغامات کو توجہ سے سنیں اور اگر بارش یا آندھی کا خطرہ ہو تو گندم کی کٹائی روک دیں اور کٹی ہوئی گندم کو ترپال یا شیٹ لے کر ڈھانپ دیں۔بارش رکنے کے بعد گیلی گندم کو چبوترے پر ڈال کر دھوپ لگوائیں۔بارشیں معمول سے زیادہ ہونے نیز درجہ حرارت بھی کم ہونے کی صورت میں کاشتکار گندم کی کٹائی فصل کے پوری طرح پکنے پر شروع کریں۔کاشتکار گندم کی کٹائی کے بعد بھریاں قدرے چھوٹی باندھیں اور سٹّوں کا رُخ اوپر کی طرف رکھیں۔کھلواڑے چھوٹے رکھیں اور اونچے کھیتوں میں کھلیان لگائیں اور پانی کی نکاسی کے لئے اردگرد کھالی بنائیں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ گندم کی کٹائی کیلئے سب سے بہترین مشین کمبائن ہارویسٹر یا ریپر ہے جس کے استعمال سے کافی حد تک پیداوار کے ہونے والے نقصان کو کم کیا جا سکتا ہے اور فصل بھی زیادہ دیر کھیت میں نہیں پڑی رہتی۔ترجمان نے مزید بتایا کہ مکئی کے کاشتکار بھی اپنے کھیتوں سے بارش کا پانی ساتھ موجود خالی کھیت میں منتقل کریں تاکہ مرطوب موسم کے باعث مکئی کے پودے مرنے سے محفوظ رہیں نیز مرطوب موسم میں مکئی کے پودوں پر کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کا خطرہ بھی موجود ہوتا ہے اس لئے کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے انتظامات کریں۔چارہ کی فصلات سے بھی پانی خالی کھیتوں میں یا فصل کے اردگرد کھائی کھود کر زائد پانی کو کھائی میں منتقل کر دیں۔چارہ کی فصل پانی کی زیادتی کو برداشت کر لیتی ہے مگر زیادہ پانی جمع ہونے کی صورت میں اس کی نکاسی کا بندوبست لازماً کریں

☆☆☆☆